
4410CH02



# باب 2

# کان،کان میں

## میرے کان کس کے پاس ہیں؟



کیا یہ جانور عجیب لگ رہے ہیں؟ فن کار نے جانوروں کے سر پر غلط کانوں کی تصویر لگا دی ہے۔ صحیح کان کو صحیح جانوروں کے ساتھ جوڑو اور نیچے لکھو، کس جانور کے سر پر کس کے کان ہیں۔

| جانور | کان | جانور | کان |
|---|---|---|---|
| ہاتھی | چوہا | کتا | ________ |
| خرگوش | ________ | بھینس | ________ |
| چوہا | ________ | ہرن | ________ |
| ژراف | ________ | | |

not to be republished © NCERT


ⓞ مختلف جانوروں کے کان مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔ مندرجہ ذیل جانوروں میں سے کن جانوروں کے ایسے کان ہوتے ہیں جو تم دیکھ سکتے ہو؟ کن جانوروں کان تم دیکھ نہیں سکتے۔ نیچے دیے گئے ٹیبل میں لکھو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہرن | مینڈک | مچھلی | چیونٹی | کوّا |
| باگھ | چڑیا | بھینس | سانپ | چھپکلی |
| سور | بطخ | ژراف | ہاتھی | بلی |

| جانور جن کے کان ہمیں دکھائی دیتے ہیں | جانور جن کے کان ہمیں نہیں دکھائی دیتے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

کیا تمھیں لگتا ہے کہ جن جانوروں کے کان ہمیں دکھائی نہیں دیتے، ان کے کان واقعی نہیں ہوتے؟

## آؤ اس تصویر کو دیکھتے ہیں۔



اس تصویر میں جو جانور ہیں، اُن کے نام لکھو۔

کیا تم ان کے کان دیکھ سکتے ہو؟

ان سبھی جانوروں کے کان ہوتے ہیں لیکن وہ ہمیں دکھائی نہیں دیتے ہیں۔

© NCERT not to be republished




2019-20

- ایسے کچھ اور جانوروں کے بارے میں معلومات حاصل کرو جن کے کان ہم نہیں دیکھ سکتے ہیں۔ ان کے نام لکھو۔

## پڑھو اور لکھو۔

- ایسا جانور جس کے کان پنکھے جیسے ہوتے ہیں ____________
- پتیوں کے جیسے کانوں والا جانور ____________
- ایسا جانور جس کے کان سر کے اوپر ہوتے ہیں ____________
- سر کے دونوں جانب کان رکھنے والا جانور ____________



تم اس بات سے بخوبی واقف ہو کہ کان سننے میں مددگار ہوتے ہیں۔ کچھ جانوروں میں تمہیں کان دکھائی دیتے ہیں اور کچھ میں نہیں۔ ہم چڑیا کے کان نہیں دیکھ پاتے۔ چڑیا کے سر کے دونوں طرف باریک سوراخ ہوتے ہیں۔ عموماً پروں سے یہ سوراخ ڈھکے رہتے ہیں۔ یہ چڑیا کو سننے میں مدد دیتے ہیں۔

اگر تم غور سے دیکھو تو تمہیں چھپکلی کے سر پر باریک سوراخ دکھائی دیتے ہیں۔ یہ اس کے کان ہیں۔


مگرمچھ کے بھی اسی طرح کے کان ہوتے ہیں لیکن ہم انہیں آسانی سے نہیں دیکھ سکتے۔

## کس کی کھال یا جلد


اب تم جان گئے ہو گے کہ جانوروں کو ان کے کانوں سے کیسے پہچانا جاتا ہے۔ اب دیکھنا چاہیے کہ کیا ہم جانوروں کو ان کی کھال یا جلد سے پہچان سکتے ہیں۔


© NCERT not to be republished

یہاں دکھائے گئے جانوروں کو دی گئی تصویروں میں جلد کے نمونوں سے ملاؤ۔ ہر ایک جانور کی تصویر میں صحیح جِلد کے نمونے بناؤ۔ جانوروں کی جلد پر یہ مختلف قسم کے نمونے ان کے بالوں کی وجہ سے بنے ہوتے ہیں جو ان کی جلد پر ہوتے ہیں۔



کیاتم نے کبھی کسی جانور کو بغیر بالوں کے دیکھا ہے یا اس کے بال ہٹا دیئے گئے ہوں؟ تصور کرو کہ جانور کیسے لگیں گے اگر ان کی جلد پر کوئی بال نہ ہو۔ ان کی جلد پر کوئی پیٹرن نہیں ہوگا!







تم نے مندرجہ ذیل جانوروں میں سے کچھ کو دیکھا ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لومڑی | ہاتھی | گوریّا | کبوتر |
| مینڈک | کوّا | مور | سوّر |
| چوہا | بلّی | بھینس | بطخ |
| مرغی | اونٹ | چھپکلی | گائے |

نیچے دیے ہوئے خانوں میں جانوروں کے نام درج کرو۔

| کان دکھائی دیتے ہیں | جلد پر بال ہوتے ہیں | کان دکھائی نہیں دیتے | جلد کے اوپر پَر ہوتے ہیں |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

© NCERT not to be republished

تم نے گائے اور بھینس کو کس فہرست میں رکھا ہے؟ کیا کچھ فاصلے سے تم ان کی جلد پر بال دیکھ سکتے ہو؟ ان میں سے کسی ایک کے نزدیک جا کر دیکھو۔ کیا تم بال دیکھ سکتے ہو؟

اگر تمھاری ملاقات کبھی ہاتھی سے ہو جائے تو کیا تم اس کو چھو کر دیکھنے کی ہمّت کر سکو گے؟ کیا تم جانتے ہو کہ ہاتھی کے جسم پر بھی بال ہوتے ہیں؟

**استاد کے لیے:** اس باب میں شامل سبھی جانوروں کے بارے میں مزید تفصیل سے گفتگو کیجیے۔ مثلاً ان کی غذائی عادت، رہن سہن وغیرہ۔ جانوروں کے بارے میں حسّیت کو بڑھاوا دیجیے۔



کیا تم بتا سکتے ہو فہرست میں درج کون کون سے جانور انڈے دیتے ہیں؟ معلوم کرو اور ان کے نام ہرے باکس میں لکھو۔ بچّے دینے والے جانوروں کے نام سرخ باکس میں درج کرو۔



اب اس سے پہلے والے صفحے پر دوبارہ دیکھو اور جن جانوروں کے نام ہرے باکس میں درج ہیں ان کے نیچے لکیر کھینچو۔ اور لال باکس میں دیئے گئے جانوروں کے ناموں کے اطراف دائرہ بناؤ۔


تو تم نے کیا دیکھا؟ وہ جانور جن کے کان تم دیکھ سکتے ہو، ان کی جلد پر بال ہوتے ہیں۔ یہ جانور بچوں کو جنم دیتے ہیں۔ وہ جانور جن کے کان باہر کی طرف نہیں ہوتے ہیں ان کے جسم پر بال نہیں ہوتے ہیں یہ جانور انڈے







© NCERT not to be republished



کان، کان میں

دیتے ہیں۔

- کیا تم نے اپنے گھر یا اسکول کے آس پاس ایسے جانور دیکھے ہیں جن کے چھوٹے بچے ہوتے ہیں؟ اپنی کاپی میں ان کے نام درج کرو۔
- کیا تم نے کبھی کوئی جانور پالا ہے؟ یا تم کسی ایسے آدمی کو جانتے ہو جس کے پاس پالتو جانور ہے؟
- پالتو جانور کے بارے میں اور معلومات حاصل کرو۔
  - وہ کون سا جانور ہے؟
  - کیا اس کا کوئی نام ہے؟ اس کا نام کیا ہے؟
  - اس کو یہ نام کس نے دیا؟
  - اس کو کھانے میں کیا پسند ہے؟
  - اس کو دن میں کتنی مرتبہ کھانا دیا جاتا ہے؟
  - وہ سوتا کب ہے؟ وہ کتنی دیر تک سوتا ہے؟
  - کیا اس جانور کی دیکھ بھال کے لیے کوئی مخصوص طریقہ اختیار کیا جاتا ہے؟ کیسے؟
  - کیا وہ ناراض ہوتا ہے؟ کب؟ تمہیں کیسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خفا ہے؟

© NCERT not to be republished



2019-20

- کیا اس کی جلد پر بال ہیں یا پر ہیں؟

- کیا تم اس کے کان دیکھ سکتے ہو؟


- کیا وہ بچّہ ہے یا بڑا؟

- یہ پالتو جانور انڈے دیتا ہے یا بچّے پیدا کرتا ہے؟

- کیا اس کے چھوٹے بچّے ہیں؟


اسی جانور کی تصویر بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔ اس کو اپنی پسند کا کوئی نام دو۔

© NCERT not to be republished






اس تصویر کے جن حصوں میں یکساں نمبر (...2, 4, 6, 8) لکھی ہوئے ہیں، ان میں رنگ بھرو، رنگ بھرنے کے بعد کیا نظر آ رہا ہے؟ پہچانو اور جانور کا نام لکھو۔




بہت عرصے پہلے زمین پر ڈائنا سور پائے جاتے تھے لیکن اب وہ باقی نہیں رہے۔ اب ہم انھیں فلموں، تصویروں اور کتابوں میں ہی دیکھ سکتے ہیں۔ ڈائنا سور کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرو اور اپنے دوستوں کو بھی اس کے بارے میں بتاؤ۔

کیا تم نے کوئی ایسا جانور دیکھا ہے جس کی تھوڑی سی مشابہت ڈائنا سور سے ہے؟ کیا تمہیں اس کا نام معلوم ہے؟



اپنے بزرگوں سے معلوم کرو۔

**برائے استاد** : بچے بہت سارے مختلف جانوروں کے نام لے سکتے ہیں جو ان کے خیال کے مطابق ڈائنا سور سے ملتے جلتے ہیں۔ تمام جوابات قابل قبول ہیں۔ آپ اس طرح کی مزید سرگرمیاں تیار کر سکتے ہیں اور انھیں ترتیب دے سکتے ہیں۔


© NCERT not to be republished



- اس جانور کو دیکھو ۔اس کا نام لکھو۔ کیا تمہیں معلوم ہے کہ یہ ہمارا قومی جانور ہے؟
- یہ کہاں رہتا ہے؟

ہندوستان میں اس کی تعداد میں کمی واقع ہو رہی ہے ۔اس پر گفتگو کرو کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟

## اپنی چڑیا بناؤ




© NCERT not to be republished

**برائے استاد:** کاغذ کی چڑیا کو بنانے کے لیے ایسے کاغذ کا استعمال کریں جس کے دونوں جانب مختلف رنگ ہوں۔